بینک دولت پاکستان
شعبہ ملکی بازار و زری انتظام
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ڈی ایم ایم ڈی سرکلر لیٹر نمبر 05 برائے 2025ء                07 مئی 2025ء

تمام سربراہان جدولی بینک / ترقیاتی مالی ادارے / سرمایہ کاری بینک /
لسٹڈ بروکریج ہاؤسز / سیکورٹیز ڈپازٹریز / کلیئرنگ ادارے

محترم / محترمہ،

**مالی سال 26-2025ء کے لیے پرائمری ڈیلرز / تجرباتی پرائمری ڈیلرز / خصوصی مقصد کے پرائمری ڈیلرز کا انتخاب**

پرائمری ڈیلرز سسٹم پر لاگو قواعد جاری کردہ ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 07 بتاریخ 12 اپریل 2021ء کے قاعدہ سی-1 کے تحت اہل اداروں سے مالی سال 26-2025ء کے لیے سرکاری تمسکات کے پرائمری ڈیلرز / تجرباتی پرائمری ڈیلرز / خصوصی مقصد کے پرائمری ڈیلرز کے تقرر کی غرض سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ڈیلر شپ کے ہر زمرے کا انتخابی معیار، اس کا طریقہ کار، حقوق، ذمہ داریاں اور کارکردگی کا معیار جاننے کے لیے براہِ مہربانی پرائمری ڈیلر کے قواعد پر مذکورہ بنیادی سرکلر ملاحظہ کیجیے۔

درخواست دہندگان کو اپنی درخواست (جس پر سی ای او / سی او او / ٹریژرر کے دستخط ہوں) کے ساتھ درج ذیل معلومات پیش کرنی ہوں گی:

1۔ پرائمری ڈیلر شپ کا زمرہ جس کے لیے درخواست دی ہے، یعنی پرائمری ڈیلرز / تجرباتی پرائمری ڈیلرز / خصوصی مقصد کے پرائمری ڈیلرز
2۔ بینکوں اور ترقیاتی مالی اداروں (ڈی ایف آئی) کی صورت میں اے ایل سی او سے، اور دیگر تمام اہل اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز سے منظور شدہ بزنس پلان۔ بزنس پلان جمع کرانے کے بارے میں رہنما ہدایات پی ڈی قواعد کے بارے میں مذکورہ بالا بنیادی سرکلر کے ضمیمہ-ای میں موجود ہیں۔بزنس پلان میں تمام متعلقہ تفصیلات شامل ہونی چاہئیں جیسا کہ متعلقہ رہنما ہدایات میں درج ہے۔ موجودہ پرائمری ڈیلرز اور خصوصی مقصد کے پرائمری ڈیلرز سے بھی تقاضا ہے کہ وہ پہلے جمع کرائے گئے بزنس پلان کے نفاذ پر اپ ڈیٹ سے آگاہ کریں، اور رواں مالی سال 25-2024ء کے دوران کیے گئے ترقیاتی اقدامات بھی بتائیں۔
3۔ بینکوں اور ترقیاتی مالی اداروں کے سوا دیگر درخواست دہندگان مذکورہ بنیادی سرکلر کے ضمیمہ-ای کے پیرا اے-6 کے مطابق پراسیسز، بروقت اور صحیح سالم (seamless) پراسیسنگ کے لیے موجود طریقہ کار اور سسٹمز، ڈیلرز کی کارروائیوں سے متعلق لین دین (transactions) کی کلیئرنگ اور تصفیہ بشمول پرائمری نیلامی سے بھی آگاہ کریں گے۔
4۔ تازہ ترین آڈٹ شدہ سالانہ مالی رپورٹ / اسٹیٹمنٹ
5۔ ڈیلر شپ سرگرمی سے متعلق بزنس چارجز کا تازہ ترین شیڈول
6۔ منسلکہ 'ضمیمہ-اے' کے مطابق 30 اپریل 2025ء تک تمسکات کے سرمایہ کار کے جزدان (آئی پی ایس) کے اکاؤنٹس کی تفصیل۔

درخواستیں ڈائریکٹر 'شعبہ ملکی بازار و زری انتظام' کے نام ہونی چاہئیں جو (دفتری اوقات میں) 30 مئی 2025ء تک اسٹیٹ بینک آف پاکستان، کراچی پہنچ جائیں۔ درخواست کی سافٹ کاپی اس پتے پر ای میل کی جائے: pd.reporting@sbp.org.pk

آپ کا مخلص

(افتخار احمد تاری)
ایڈیشنل ڈائریکٹر